نہایت اچھی بحث کی ہے ۔ معیارِ کتابت اور طباعت اچھا ہے ۔

جینے کا اسلامی قرینہ | مرتب : جناب محمد سلیم کیانی صاحب ایم ۔ اے ۔ ناشر : المحراب سمن آباد ۔ لاہور

صفحات : ۱۴۴ ۔ قیمت : ۳ روپے ۔

یہ کتاب تین حصّوں پر منقسم ہے ۔ پہلے حصّے میں انسانی زندگی کو ایمان اور عمل صالح سے آراستہ کرنے کے لیے احادیث نبوی درج ہیں ۔ دوسرا حصّہ قرآنی اور مسنون دعاؤں پر مشتمل ہے اور تیسرے حصّے میں مختلف نمازوں کی تفصیل بیان کی گئی ہے ۔ کیانی صاحب نے اس کتاب کو بڑے سلیقے سے مرتب کیا ہے اور ناشر نے اسے ستھرے طباعتی ذوق کے ساتھ شائع کیا ہے ۔ اس قسم کی مفید کتب کی البتہ قیمت نہایت ہی کم ہونی چاہیئے تاکہ لوگ انہیں آسانی سے خرید سکیں ۔

اسلام کا پہلا قاعدہ بزبان انگریزی | شائع کردہ : مسلم ایجوکیشنل ٹرسٹ ۔ لندن

انگلستان میں اس وقت جو مسلمان رہ رہے ہیں ان کے لیے اپنے بچوں کی تعلیم کا مسئلہ بڑی اہمیت رکھتا ہے اس مسئلے کا احساس کرتے ہوئے جہاں انگلستان کے مسلمانوں نے چند سکول کھولے ہیں وہاں انگریزی زبان میں ایسے قاعدے اور کتابیں بھی مرتب کرنے کی طرف توجہ دی ہے جو مسلمان بچوں کو اللہ اور اُس کے رسُولؐ اور اسلام سے روشناس کرائیں ۔ زیرِ نظر قاعدہ اس سلسلے کی ایک مفید کوشش ہے ۔ اس میں سادہ نہایت ہی مختصر انداز میں خدا، اسلام، مسلمان، فرشتوں، آسمانی کتابوں قرآن مجید، انبیاء علیہم السلام، نبی آخر الزماں محمد صلی اللہ علیہ وسلّم، زندگی بعد موت، ارکان اسلام کا تعارف پیش کیا گیا ہے ۔ یہ قاعدہ بچوں کے لیے مفید ہے ۔ تبصرہ نگار کے خیال میں قاعدے کی زبان کچھ مشکل ہے اور بائیبل کے اندازِ بیان کو کہیں کہیں تکلف کے ساتھ اپنانے کی وجہ سے زبان بچوں کے لیے ناقابل فہم بھی ہو سکتی ہے ۔